Fikr-o-Nasar vol.1:3-4 (1963)© rasailojaraid.com

# سنت اور حدیث

## تصور سنت پر تفصیلی بحث

ڈاکٹر فضل الرحمن

اس سے پہلے ہم اس امر پر زور دے چکے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کی سنت ایک مثالی تصور کی حیثیت رکھتی ہے جس سے قرون اولی کے مسلمانوں نے اس نئے مواد کی روشنی میں جو انہیں دستیاب ہو سکا اور نئی ضروریات کے مطابق اسوۂ رسول کی تعبیر و ترجمانی کے ذریعہ اپنے آپ کو زیادہ سے زیادہ قریب تر لانے کی کوشش کی اور اس مسلسل اور ترقی پذیر تعبیر و ترجمانی کو بھی سنت سے موسوم کیا گیا اگرچہ مختلف دیار و امصار کی سنت میں اختلافات موجود تھے۔ اسلام کے ابتدائی دور میں جو نشو و نما اور ارتقاء عمل میں آیا اور جو علم حدیث کی تدوین کے بعد اتنا جدید اور انقلاب انگیز معلوم ہوتا ہے اس کی صحیح نوعیت سمجھنے کے لئے مناسب ہوگا کہ ہم حدیث پر بحث کرنے سے قبل اس مسئلہ پر مزید توجہ مبذول کریں۔

امام ابو یوسف نے اپنی کتاب **''الرد علی سیر الاوزاعی''**۔ میں امام ابو حنیفہ کی یہ رائے بیان کی ہے کہ اگر غیر مسلموں کے ملک میں کوئی شخص مسلمان ہوجائے اور اپنا گھر بار چھوڑکر مسلمانوں کی جماعت میں شمولیت اختیار کرلے تو اس صورت میں اگر مسلمان اپنی فوجی طاقت سے اس ملک پر قبضہ کرلیں تو اس شخص کی جائداد اسے واپس نہیں کی جائے گی بلکہ اس کا شمار مال غنیمت میں ہوگا۔ شامی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فقیہ اوزاعی امام ابو حنیفہ کی اس رائے کو مسترد کرتے ہوئے رسول اللہ صلعم کے عمل سے استدلال کرتے ہیں کہ آپ نے فتح مکہ کے بعد ان مسلمانوں کی جائداد واپس کردی تھی جنھوں نے مکہ چھوڑکر مدینہ کے مسلمانوں کے ساتھ سکونت اختیار کی تھی۔ امام ابو یوسف کے قول کی رو سے اوزاعی کی دلیل یہ تھی کہ ''جو شخصیت سب سے زیادہ لائق اتباع ہے اور جس کی سنت کا التزام سب سے زیادہ ضروری ہے وہ رسول اللہ کی شخصیت ہے'' ابو یوسف امام ابو حنیفہ کی حمایت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ مسلمانوں کا عمل امام ابو حنیفہ کی رائے سے مطابقت رکھتا ہے اور رسول اللہ صلعم نے اہل مکہ کے ساتھ جو طرز عمل برتا وہ ایک استثناء ہے ''سنت جاریہ یہی رہی ہے اور اسلام کا عمل بھی یہی تھا اگرچہ رسول اللہ نے فتح مکہ کے موقع پر ایسا نہیں کیا'' اس کے بعد ابو یوسف کہتے ہیں کہ بنی ہوازن کے معاملہ میں ''رسول اللہ کی سنت'' اس سے بھی زیادہ مختلف تھی۔ بنی ہوازن جب مسلمانوں سے شکست کھا گئے تو انھوں نے رسول اللہ صلعم کے پاس آکر رحم وکرم کی درخواست کرتے ہوئے اپنے قیدیوں اور اپنی جائداد کی واپسی کے لئے استدعا کی۔ رسول اللہ نے مال غنیمت میں سے اپنا ذاتی حصہ انھیں واپس کردیا اور دوسرے مسلمانوں نے بھی آپ کی پیروی میں یہی کیا صرف چند قبائل ایسے تھے جنھوں نے اپنا حصہ واپس دینے سے انکار کردیا۔ اس کے بعد رسول اللہ نے ان قبائل کو معاوضہ دیکر بنی ہوازن کو باقی مال واپس کردیا نیز ان کے وہ افراد جنھیں غلام یا باندی بنالیا گیا تھا آزاد کرکے انھیں واپس کردئے گئے (۱)

متذکرہ بالا بیان میں پہلا امر جو قابل توجہ ہے وہ امام اوزاعی کا یہ قول ہے کہ '' وہ شخصیت جس کی سنت پیروی کی سب سے زیادہ مستحق ہے رسول اللہ کی شخصیت ہے'' اس میں صاف طور پر یہ امر مضمر ہے کہ (الف) سنت یا مستند نظیر کوئی شخص بھی قائم کرسکتا ہے جس میں اس کی اہلیت موجود ہو اور (ب) رسول اللہ کی سنت ایسے تمام نظائر پر محیط اور ان سب حیثیتوں سے مقدم ہے۔ لیکن دوسرا امر جو یکساں اہمیت رکھتا ہے سنت کا وہ مفہوم ہے جس میں امام ابو یوسف اس اصطلاح کو متذکرہ بالا بیان میں استعمال کرتے ہیں۔ امام صاحب موصوف پہلے مسئلہ زیر بحث کے تعلق سے سنت کے دو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مفہوموں میں امتیاز کرتے ہیں یعنی سنت ایک طرف اس عمل کے اعتبار سے جو مسلمانوں میں رائج تھا اور دوسری طرف اس خصوصی عمل کی رو سے جو رسول اللہ صلعم سے فتح مکہ کے موقع پر سرزد ہوا ۔ رسول اللہ صلعم کے اس مؤخرالذکر عمل کو امام ابو یوسف ایک استثنائی صورت قرار دیتے ہیں اور اسی لئے یہ ان کے نزدیک سنت کے مفہوم میں داخل نہیں ہے لیکن امام اوزاعی کے نزدیک رسول اللہ صلعم کا یہ عمل عین سنت تھا اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ تعبیرات کے اختلافات کے باعث دونوں فقیہ متضاد نتائج اخذ کرتے ہیں لیکن سب سے زیادہ دلچسپ امر ہمارے لئے لفظ ''سنت'' کا وہ استعمال ہے جو امام ابو یوسف اپنے دوسرے بیان میں کرتے ہیں جہاں وہ بنی ہوازن کے تعلق سے رسول اللہ کی سنت کا ذکر کرتے ہیں یہ صورت بھی امام یوسف کے نزدیک سنت کے عام اصول کا ایک استثناء ہے لیکن سنت کے اس استثناء کو بھی امام صاحب سنت کی اصطلاح سے موسوم کرتے ہیں اس لئے بدیہی طور پر یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ جب صورت حال کا یہ تقاضا ہو تو عام قاعدہ کے استثناء پر بھی قاعدہ ہی کا اطلاق کیا جائے گا ۔ جب ہم مفہوم (ب) میں سنت کو ایک ٹھوس اور متعین صورت دینے کی کوشش کرتے ہیں یعنی وہ سنت جو امت کے واقعی عمل سے عبارت ہے تو ہمیں سنت رسول کی اس آزاد تعبیر میں اور زمانہ ما بعد کے فقہاء نے سنت کے جس جامد اور بے لچک عقیدہ کی تشکیل کی اس میں ایک عجیب و غریب بعد نظر آتا ہے ۔ یہاں صورت حال کی خصوصیات کے اعتبار سے رسول کے عمل و کردار کی ایک حرکت پذیر لہر ہے جو آزادی کے ساتھ رواں ہے ، وہاں چند جامد قواعد و ضوابط ہیں جو ایک بار وضع کئے جانے کے بعد ہمیشہ ایک حالت پر قائم رہتے ہیں۔ یہاں جن مقاصدوغایات کے حصول کے لئے رسول اللہ صلعم سرگرداں تھے ان کی مسلسل اور انتھک تلاش و جستجو ہے، وہاں ضوابط کا ایک بے لچک اور متعین نظام ہے جس کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے تحریفات کے آہنی شکنجہ میں کس دیا گیا ہے ۔

دارالحرب میں غلام بنائے جانے والے اشخاص کے متعلق امام ابو حنیفہ کی رائے یہ ہے کہ دارالاسلام میں لانے سے قبل ان کی خرید و فروخت مکروہ ہے۔ اس پر امام اوزاعی تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں ''مسلمان ہمیشہ سے دارالحرب میں جنگی قیدیوں کی خرید و فروخت کرتے رہے ہیں ۔ خلیفہ ولید کے قتل تک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مسلمانوں میں اس مسئلہ کی نسبت باہم اختلاف رائے نہیں ہوا۔" اس پر امام ابو یوسف اپنی رائے ظاہر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ "کسی امر کے جائز یا ناجائز ہونے کو اس قسم کے بیانات پر مبنی نہیں قرار دیا جاسکتا کہ اور لوگوں کا ہمیشہ سے ایسا عمل رہا ہے۔ اسلئے وہ لائق عمل ہے۔ کیونکہ تعامل الناس کے مطابق فیصلہ یا تو سنت رسول پر مبنی ہونا چاہئے یا سلف کی سنت یعنی سنت صحابہ اور ان لوگوں کی سنت پر جنہیں فقہ میں درک ہو" (۲) پھر حجازی فقیہوں کے تصور سنت پر تنقید کرتے ہوئے امام ابو یوسف لکھتے ہیں "حجاز کے فقیہ جب کبھی کسی امر کا فیصلہ کرتے ہیں اور ان سے سند طلب کی جاتی ہے تو عموماً وہ جواب دیتے ہیں کہ 'قائم شدہ سنت یہی ہے' حالانکہ غالباً یہ سنت کسی عامل السوق یا بیرونی ضلع کے کسی محصول وصول کرنے والے افسر کے فیصلہ پر مبنی ہوتی ہے" (۳) ان مباحث' دلائل اور تردیدی دلائل سے بعض اہم نتیجے اخذ کئے جاسکتے ہیں: اولاً سنت کا تصور جس طرح کہ اس اصطلاح کو ائمہ فقہاء نے اوائل اسلام میں استعمال کیا۔ اگرچہ نصب العین اور مثالی حیثیت سے اسوہ رسول تک منتہی ہوتا ہے لیکن واقعی مواد کے اعتبار سے وہ امت کے عمل پر بھی حاوی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ امام اوزاعی بار بار اس قسم کے فقرات استعمال کرتے ہیں جیسے "مسلمانوں کا عمل" "ائمۃ المسلمین یعنی مسلمانوں کے سیاسی (اور عسکری) رہنماؤں کا عمل اور "اجماع علما" اور ان فقرات کو وہ یقیناً ایک ہی معنوں میں استعمال کرتے ہیں یعنی ان کے نزدیک یہ سب مترادفات ہیں' امام مالک بالکل اسی طرح تعامل اہل مدینہ کی اصطلاح کا استعمال کرتے ہیں۔ اب یہ امر بالکل واضح ہے کہ یہاں ہمیں اوائل اسلام کے مسلمانوں کے زندہ اور جاری عمل سے واسطہ ہے۔ یہ بھی واضح ہے کہ یہ سنت جسے ہم نے حصہ اول میں مفہوم (ب) کی رو سے سنت کہا ہے بعینہ وہی چیز ہے جسے اجماع امت کہا جاتا ہے اوراس میں علماء کے فیصلے نیز سیاسی حکام کے وہ فیصلے بھی شامل ہیں جو وہ روز مرہ کے امور نظم و نسق کی نسبت کرتے رہتے تھے۔ دوسرا اہم امر جو مذکورہ بالا بحث سے واضح ہوجاتا ہے یہ ہے کہ اگرچہ "زندہ اور جاری سنت" ابھی تک ایک ایسا عمل ہے جس کی نگاہیں اجتہاد و اجماع کے باعث مستقبل پر جمی ہیں لیکن دوسری صدی کے وسط میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فقہی نظام کے نظری پہلو میں ایک تبدیلی کا آغاز ہوتا ہے جو امام ابو یوسف کی تحریروں میں نظر آتا ہے اور عراق میں سب سے پہلے شعوری طور پر ابھرتا ہے۔ یہ تبدیلی اس طرح شروع ہوتی ہے کہ فقہاء عراق "زندہ اور جاری سنت" کی نسبت ایک تنقیدی رویہ اختیار کرتے ہیں اور استدلال یہ کرتے ہیں کہ کسی قاضی یا سیاسی رہنما کے ہر ہر فیصلہ کو جزو سنت قرار دینا درست نہیں اور صرف ان علماء کو جو فقہ میں درک رکھتے ہوں اور اعلیٰ قسم کی فہم و بصیرت سے بہرہ ور ہوں یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ "زندہ سنت" کے مفہوم و مواد کو وسعت دیں۔ "زندہ اور جاری سنت" کے تصور کو رد نہیں کیا جاتا ہے لیکن ایک پختہ اور یقینی طریق کار کی تلاش ضرور جاری ہے جس پر "زندہ اور جاری سنت" کی بنیاد رکھی جاسکے۔

## علم حدیث کی ابتدائی نشو و نما

اس حقیقت میں شک و شبہ کی ذرا بھی گنجائش نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ابتدائے اسلام سے موجود تھی۔ در اصل یہ ایک بالکل فطری امر تھا کہ رسول اللہ صلعم کے حین حیات مسلمان آپ کے اعمال و اقوال کی نسبت خصوصاً اگر وہ امور مملکت یا امت کی فلاح و بہبود یا عام معاملات دنیا و دین سے متعلق ہوں باہم گفتگو کریں۔ عرب جنھوں نے اپنے شعراء کے اشعار اور نظموں، اپنے کاھنوں کے اقوال، اپنے حکموں اور قبائلی سرداروں کے فیصلوں کو، حفظ کرکے انھیں اخلاف تک پہنچایا اس ھستی کے اعمال و اقوال سے کس طرح غفلت برت سکتے تھے جسے وہ خدا کا رسول اور مہبط وحی الٰہی تسلیم کرتے تھے؟ اس فطری امر کا انکار نہ صرف احمقانہ فعل ہے بلکہ در حقیقت یہ اپنی ساری تاریخ کو جھٹلانے کے مترادف ہے۔ ان کے لئے لئی سنت یعنی رسول اللہ کی سنت اتنی اھمیت رکھتی تھی (اور اس کی اھمیت پر خود قرآن میں اتنا زور دیا گیا ہے) کہ اسے نظر انداز کردینا یا اس سے تجاھل برتنا مسلمانوں کے لئے ایک امر ناممکن تھا۔ جیسا کہ ہم نے اس مقالہ کے حصہ اول میں بیان کیا ہے یہ حقیقت اسلام کی مذھبی تاریخ میں روز روشن کی طرح ھویدا اور ظاھر و باھر ہے اس لئے اس سے انکار کرنے کی کوشش کسی پہلو سے بھی کی جائے خواہ وہ مذھبی ھو یا تاریخی ایک طفلانہ اور مضحکہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انگیز کوشش ہے - امت مسلمہ کی سنت رسول اللہ صلعم کی سنت پر مبنی اور اس سے ماخوذ ہے -

امور مندرجہ بالا کے باوجود عہد رسالت میں حدیث زیادہ تر ایک رسمی اور بے ضابطہ نوعیت رکھتی تھی کیونکہ اس کے ذریعہ جو واحد ضرورت تکمیل پاتی تھی وہ یہ تھی کہ حدیث کے واسطہ سے مسلمانوں کی عملی رہنمائی کی جاسکے لیکن اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے اس وقت تک مسلمانوں کے درمیان خود ذات رسالتماب کا موجود ہونا کافی تھا - رسول اللہ کی وفات کے بعد حدیث کو پورے طور پر تو نہیں لیکن ایک حد تک باضابطہ حیثیت حاصل ہوگئی کیونکہ آنے والی نسل کے لئے یہ ایک بالکل قدرتی امر تھا کہ وہ رسول اللہ کے حالات کی جستجو اور آپ کے طرز عمل کے بارے میں کد و کاوش کرے لیکن اس کا کوئی ثبوت نہیں کہ اس مرحلہ پر بھی حدیث کی کوئی باقاعدہ تدوین عمل میں آئی ہو - اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی تھی کہ اس وقت تک جتنی احادیث موجود تھیں وہ مسلمانوں کے عملی اغراض کی تکمیل کے لئے کفایت کرتی تھیں یعنی ان سے امت کا عمل تشکیل پاتا رہتا تھا اور انہیں وسعت دیکر امت اپنے عمل کے سانچے میں ڈھال لیتی تھی - اس وجہ سے ارباب حکومت اور قضاۃ دونوں نے پیش نظر صورت حالات کے مطابق اس کی آزادانہ تعبیر کی اور اس تعبیر کے نتیجہ میں جو شئے وجود میں آئی وہ وہی تھی جسے ہم نے زندہ اور جاری سنت سے موسوم کیا ہے - لیکن جب پہلی صدی ہجری کے آخری نصف حصے میں مسلمانوں کی روز مرہ کی عملی زندگی کے تقاضوں کی تکمیل کی خاطر تعبیر و ترجمانی کے اس عمل کے ذریعہ اسلامی خلافت کے مختلف علاقوں میں رسول اللہ صلعم کی زندہ اور جاری سنت کا پھیلاؤ بہت زیادہ بڑھ گیا اور فقہی نظامات نیز فقہی امور کو برتنے کے طریقوں میں اختلاف کی خلیج وسیع تر ہوتی گئی تو حدیث نے ایک باقاعدہ علم کی صورت اختیار کرلی -

معلوم یہ ہوتا ہے کہ راویان حدیث کی سرگرمیاں قاضیوں اور فقیہوں کے عملی اور طریق کار سے نہ صرف غیر متعلق تھیں بلکہ بسا اوقات ان کے علی الرغم جاری تھیں - فقہاء اپنے فقہی امور زندہ اور جاری سنت کی بنا پر طے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کرتے تھے اور فقہ کی توسیع کی غرض سے اپنی ذاتی رائے کے ذریعہ حاصل شدہ مواد کی آزادانہ تعبیر کرتے تھے - اس کے برعکس راویان حدیث اپنا بنیادی کام یہ سمجھتے تھے کہ وہ صرف روایت پر اکتفا کریں کیونکہ ان کی غرض یہ تھی کہ کس طرح فقہی نظام میں ثبات و استقرار پیدا ہو - اگرچہ قلت مواد کے باعث یہ معلوم کرنا ممکن نہیں کہ فقہاء اور راویان حدیث کا ٹھیک ٹھیک کیا تعلق تھا لیکن یہ امر یقینی ہے کہ بالعموم یہ دونوں فریق ایک قسم کے تناؤ کے دو سرے تھے جن میں سے ایک فقہ کی نشو و نما اور ترقی کا معاون تھا اور دوسرا اس میں ثبات و استقرار پیدا کرنا چاہتا تھا - یہ امر واقعہ ہے کہ دوسری صدی ہجری کی جو تصانیف ہم تک پہنچی ہیں ان کا سلسلۂ روایت صحابہ بلکہ تابعین اور تبع تابعین تک آکر ختم ہوجاتا ہے لیکن جیسے جیسے وقت گزرتا گیا معلوم ایسا ہوتا ہے - گویا حدیث کی تحریک نے داخلی تقاضے سے مجبور ہوکر سلسلہ روایات کو پیچھے ہٹاتے ہٹاتے اس کے فطری مرکز و محور یعنی ذات رسالتماب تک پہونچادیا - ابتدائی فقہی مذاہب نے جو زندہ اور توسیع پذیر سنت پر، نہ کہ بنی بنائی اور منجمد آراء کے کسی مجموعہ پر مبنی تھے، قدرۃً اس میلان کی مزاحمت کی - ہم نے اس مقالے کے پہلے حصہ میں بتایا ہے کہ امام شافعی رح نے اس سلسلہ میں کیا کام کیا اور کن رحجانات کو قوت دی - امام شافعی فقیہوں پر مسلسل الزام دیتے ہیں کہ وہ روایت احادیث میں کوتاہی کرتے ہیں اور جن تھوڑی بہت حدیثوں کی روایت بھی کرتے ہیں فقہ میں ان سے مطلق استفادہ نہیں کرتے (۴) اس قسم کے اعتراضات امام شافعی نے خاص طور پر حجازیوں کے خلاف وارد کئے ہیں لیکن عراقیوں کو بھی تقریباً وہ ان ہی اعتراضات کا نشانہ بناتے ہیں-

دوسری صدی ہجری کے وسط تک تحریک حدیث کافی ترقی کرچکی تھی اور اگرچہ اکثر احادیث اب تک رسول اللہ کی طرف نہیں بلکہ دیگر شخصیتوں کی طرف منسوب کی جاتی تھیں - مثلاً صحابہ - اور خصوصاً دور صحابہ کے بعد کے اشخاص کی جانب لیکن اوائل عہد اسلام کے مسلمانوں کی اکثر فقہی آراء اور ان کے وہ مذہبی عقائد جو زمانہ مابعد کی پیداوار تھے رسول اللہ صلعم کی جانب منسوب کئے جانے لگے تھے - اس دعوی کے تفصیلی شواہد ہم آگے چلکر پیش کریں گے - اس کے باوجود حدیث کی تعبیر و تاویل میں بڑی آزادی برتی جاتی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تھی - مقالے کے حصہ اول میں ہم نے شواھد و دلائل کے ساتھ امام مالک کے بارے میں بتایا ھے کہ وہ اصولی طور پر تعامل اھل مدینہ کو حدیث پر ترجیح دیتے ھیں اور ان کی بیشتر تعبیرات ذاتی آراء پر مبنی ھوتی ھیں - اس حصہ کی ابتداء میں ھم نے یہ بھی بتایا ھے کہ امام اوزاعی نے جن احادیث کو بطور دلائل پیش کیا ، امام ابو یوسف ان کی تعبیر صورت حالات کے اعتبار سے کرتے ھیں - امام صاحب موصوف کی تصانیف ایسی مثالوں سے پر ھیں، ھم یہ بھی بتاچکے ھیں کہ امام ابو یوسف کا ائمہ فقہاء کی نسبت تصور یہ تھا کہ وہ سنت نبوی کی توسیع اور زندہ سنت کی تخلیق کرنے کا کام سر انجام دے رھے ھیں - وہ ھر ایسی حدیث کو رد کردیتے ھیں جو عام سنت کے بالمقابل ایک استثنائی صورت کی حیثیت رکھتی ھو- اس سے ان کی مراد وہ احادیث ھیں جنھیں بعد میں اخبار احاد کے نام سے موسوم کیا گیا کیونکہ وہ ایک ھی سلسلہ روایت سے مروی تھیں - مثلاً جو شخص جہاد کے لئے دو گھوڑے مہیا کرے اس کے متعلق امام ابو حنیفہ کی رائے یہ ھے کہ اسے مال غنیمت میں سے صرف ایک گھوڑے کا حصہ ملنا چاھیئے- دوسری طرف امام اوزاعی کے نزدیک دونوں گھوڑے اپنے حصہ کے مستحق ھونگے - اس سلسلہ میں وہ حدیث اور سنت دونوں سے استدلال کرتے ھوئے کہتے ھیں کہ ''اس حدیث سے تمام علماء واقف ھیں- اسی کے مطابق ھمارے سیاسی رھنما عمل کرتے رھے ھیں' (۵) غالباً شام کے ارباب حکومت کا عملدرآمد یہی تھا - اس پر امام ابو یوسف تبصرہ کرتے ھوئے لکھتے ھیں ''رسول اللہ یا صحابہ کرام سے ھمیں سوائے ایک کے کوئی ایسی روایت نہیں ملی جس کی رو سے مال غنیمت میں سے دونوں گھوڑوں کو حصے دئے جائیں لیکن ایک اکیلی حدیث کو ھم استثنائی صورت قرار دیتے ھیں اور اس پر عمل کو جائز نہیں سمجھتے - جہاں تک امام اوزاعی کے اس بیان کا تعلق ھے کہ 'سیاسی رھنماؤں کا عمل یہی رھا ھے اور علماء کی رائے بھی یہی ھے' یہ بالکل اھل حجاز کے اس دعوی کے مماثل ھے کہ 'قائم شدہ سنت یہی ھے' لیکن ھمارے نزدیک جہلاء کی رائے کو مستند نہیں قرار دیا جاسکتا - سوال یہ ھے کہ کس سیاسی راہ نما نے اس پر عمل کیا اور کس عالم نے اس کی صحت تسلیم کی'' (۶)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اپنی اس تصنیف میں امام ابو یوسف لوگوں کو عام طور پر متنبہ کرتے ہیں کہ وہ ''احادیث کو من وعن اور بلا جرح و تنقید تسلیم نہ کریں احادیث کی تعداد اتنی تیزی سے بڑھ رہی ہے کہ جن احادیث کی سلسلہ بسلسلہ روایت کی جاتی ہے ، ماہرین فقہ ان سے بالکل واقفیت نہیں رکھتے اور نہ وہ قرآن و سنت سے مطابقت رکھتی ہیں - اکیلی حدیثوں سے جو استثنائی صورتوں سے متعلق ہوں خبردار ہو اور جماعت و نیز احادیث کی اجتماعی روح سے علیحدگی نہ اختیار کرو'' (۷) اس کے بعد وہ کہتے ہیں کہ اسی لئے قرآن و سنت کی راہ نمائی اختیار کرنی ضروری ہے (۸) اس طرح امام ابو یوسف حدیث یعنی معروف عام سنت کی اجتماعی روح یا اس کے مزاج کو ایک معیار قرار دیتے ہیں - اجتماعیت یا اجتماعی مزاج و فطرت کے الفاظ بڑے معنی خیز ہیں اور اس مقالہ کے حصہ چہارم میں ہم بتائیں گے کہ سنت کی اصطلاح سے اس کا بہت گہرا تعلق ہے یعنی ان منعوں میں جن میں بعد میں اہل سنت و الجماعت کی اصطلاح کا استعمال کیا گیا - امام ابو یوسف خود رسول اللہ صلعم اور صحابہ کرام سے بہت سی احادیث روایت کرتے ہوئے مسلمانوں کو متنبہ کرتے ہیں کہ وہ احادیث کو قبول کرنے میں احتیاط برتیں بلکہ وہ ایسی احادیث بھی روایت کرتے ہیں جن سے صریحاً حدیث کا استرداد ثابت ہوتا ہے (۹) حدیث کی مخالفت میں جو حدیثیں روایت کی جارہی تھیں ظاہر ہے کہ وہ تحریک حدیث کی کامیابی کی وجہ سے معرض ظہور میں آئی تھیں اور ان کا ظہور اس تحریک کے فروغ کا ایک منطقی اور ضروری نتیجہ تھا لیکن اغلب یہ ہے کہ حدیث کی مخالفت میں جو احادیث ظہور میں آرہی تھیں وہ زمانی اعتبار سے ان احادیث سے مقدم تھیں جن سے حدیث کی تائید و موافقت ہوتی ہے - یہ چیز تحریک حدیث کا جزو فطرت تھی - علاوہ ازیں امام ابو یوسف کی تحریروں میں ہمیں مخالف حدیث احادیث تو ضرور ملتی ہیں لیکن حدیث کی موافقت میں کوئی حدیث نہیں ملتی - اس قسم کی احادیث زمانہ مابعد تک منظر عام پر نہیں آئیں اور امام شافعی جو حدیث کے سب سے بڑے موافقین بلکہ تحریک حدیث کے سرگروہوں میں سے ہیں صرف دو یا تین ایسی حدیثیں پیش کرتے ہیں (جن پر ہم بعد میں بحث کریں گے) اور حدیث کی قبولیت کے لئے جو دلائل لاتے ہیں وہ زیادہ تر تاریخی مواد یا قرآن مجید سے ماخوذ ہیں -

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



امام ابو یوسف رسول اللہ صلعم سے وضع حدیث کی نسبت کئی حدیثیں روایت کرتے ہیں جن میں وہ حدیث بھی ہے ، جس نے آگے چلکر صحاح کی کتابوں میں ایک نمایاں مقام حاصل کرلیا اور جس میں کہا گیا ہے ۔ ”من کذب علی متعمداً فلیتبوأ مقعده من النار“ (جس نے جان کر مجھ پر جھوٹ بولا اس نے اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالیا) لیکن اس حدیث کی مخالفت ایک اور حدیث کے ذریعہ کی گئی جس میں رسول اللہ صلعم فرماتے ہیں ۔ ”جو کوئی اچھی بات تمہیں ملے تم سمجھو کہ میں نے کہی ہے“ ۔

تکثیر حدیث کے خلاف امام ابو یوسف کی تمام احتیاطی تدابیر کے باوجود اس زمانہ تک متعدد احادیث کا سلسلہ رسول اللہ صلعم تک ملایا جاچکا تھا ۔ مثلاً کتاب الاثار میں ہمیں یہ حدیث ملتی ہے ” حدثنا یوسف عن أبیه عن أبي حنیفة عن حماد عن ابراهیم عن عائشة رضي الله عنها قالت ان البلاء مؤکل بالکلام“ (۱۰) یعنی حضرت عائشہ رض نے کہا ”بلائیں کلام کا نتیجہ ہیں“ دوسری جگہ انہی الفاظ میں یہ حدیث ابن مسعود سے مروی ہے ۔ ایک اور حدیث میں ایک جبر پسندانہ دینیاتی عقیدہ کو خود جناب رسالتماب کی طرف منسوب کیا گیا ہے اس حدیث کے الفاظ یہ ہیں ”قال حدثنا یوسف عن ابیه عن أبي حنیفة عن ابن الزبیر عن جابر رضي الله عنه ان سراقه بن مالك قال فحدثنا عن دیننا هذا کأنا خلقنا له الساعة نعمل لشئی قد جرت به المقادیر وجفت به الاقلام ام لشئی یستقبل قال : بل لشئی قد جرت به المقادیر وجفت به الاقلام قال ففیم العمل یا رسول الله صلعم قال اعملوا فکل میسر لما خلق ۔ قال ثم قرء هذه الایة فاما من اعطی واتقی وصدق بالحسني الی آخر الایة“ . یعنی سراقہ بن مالک رسول اللہ صلعم سے دریافت کرتے ہیں کہ ہمارے دین کے متعلق فرمائیے کہ کیا ہم اس دین کے لئے عین وقت پر پیدا کئے گئے ہیں تو کیا ہم کسی ایسی چیز کے لئے عمل کر رہے ہیں جو کلام الہی کے تحت پہلے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہی سے متعین ہوچکی ہے اور جس پر قلم خشک ہوچکا ہے یا ہم کسی ایسے امر کے لئیے عمل کریں جس کا تعین مستقبل میں ہوگا۔ رسول اللہ صلی اللہ وعلیہ وسلم نے فرمایا ایسی چیز کے لئیے جو حکم الہی کے تحت میں معین کی جاچکی ہے اورجس پر قلم خشک ہوچکا ہے - اس پر سراقہ نے سوال کیا کہ پھر ہمارا عمل کس لئیے ہے۔ رسول اللہ نے جواب دیا عمل کئے جاؤ، کیونکہ ہر شخص کے لئیے وہ عمل آسان کر دیا گیا ہے جس کیلئے اسے بنایا گیا ہے اس کے بعد قرآن کی یہ آیت پڑھی - واما من اعطي واتقي وصدق بالحسني.

یعنی جس نے خدا کی راہ میں دیا اور خدا سے ڈرا اور تقوی اختیار کیا اس کے ہم نیک عمل آسان بنادیتے ہیں (۱۱) حصہ چہارم میں جب ہم اس امر سے بحث کریں گے کہ مسلمانوں میں عقائد کا جمود کیونکر پیدا ہوا تو اس امر کی توضیح کرینگے کہ جبر و اختیار کے مباحث کی نوعیت کیا تھی اور انھوں نے مسلمانوں کی دینی تاریخ کے نشو و نما میں کیا حصہ لیا جس کا نتیجہ متذکرہ بالا نوعیت کی احادیث میں ظہور پذیر ہوا۔ قرآن کی جس آیت کا حوالہ اس حدیث میں دیا گیا ہے وہ جبر کے عقیدہ کی کھلی ہوئی ضد ہے جس کی تلقین حدیث میں کی گئی ہے -

قرب قیامت کے متعلق بھی ایک حدیث ابتدائی مگر قطعی صورت میں ملتی ہے جس میں ظہور مسیح کی خبر پنہاں ہے اگرچہ یہ حدیث رسول اللہ کی جانب نہیں بلکہ عبدالاعلی کی جانب منسوب ہے جنھیں قاضی یا قاص (قصے بیان کرنے والے) کی حیثیت سے پیش کیا گیا ہے غالباً یہ آخرالذکر حیثیت زیادہ مستند ہے - سیاسی حدیث کی ایک مثال یہ ہے.

قال حدثنا یوسف عن ابیه عن ابی حنیفة ان رجلاً اتی علیاً رض فقال ما رأیت احداً خیراً منك . فقال له هل رأیت النبي صلعم قال لا قال فهل رأیت ابا بکر وعمر رض . قال لا. قال لو اخبرتني انك رأیت النبي صلی الله علیه وسلم ضربت عنقك ولو اخبرتني انك رأیت ابابکر و عمر رضی الله عنهما لا وجعتك عقوبة ،، یعنی ایک شخص حضرت

علی رض کے پاس آیا اور کہا میں نے آپ سے زیادہ بہتر کوئی شخص نہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دیکھا ۔ حضرت علی رض نے کہا کیا تم نے رسول اللہ کو دیکھا تھا ۔ اس شخص نے جواب دیا نہیں، آپ نے فرمایا کہ کیا تم نے حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رض کو دیکھا ہے اس نے کہا نہیں ۔ حضرت علی رض نے فرمایا اگر تو کہتا کہ میں نے رسول اللہ صلعم کو دیکھا ہے تو میں تیری گردن مار دیتا اور اگر تو یہ کہتا کہ تونے حضرت ابو بکر رض یا حضرت عمر رض کو دیکھا ہے تو میں تجھے سخت سزا دیتا (۱۲)۔ایک حدیث جو فقہی اور اخلاقی نوعیت رکھتی ہے حسب ذیل ہے ۔

قال حدثنا یوسف عن ابیه عن ابي حنیفة عن ابی غسان عن الحسن عن ابي ذر رضي الله عنه عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه قال یا ابا ذر الامرة امانة وھی یوم القیامه خزی وندامة الا من اخذھا بحقھا وادی الذی علیه فیھا ۔

یعنی اے ابو ذر رض امر یا امارہ ایک امانت ہے جو قیامت کے روز ذلت و خواری اور رنج و افسوس میں بدل جائیے گی - بجز ان لوگوں کے کہ جو اس منصب کو جائز طور سے حاصل کریں اور اس کی ذمہ داریوں کی خاطر خواہ تکمیل کریں۔ امام ابو یوسف رح کے ہم سبق فقیه امام محمد الشیبانی اس حدیث کو روایت کرنے کے بعد ان الفاظ کا مزید اضافه کرتے ہیں '' اور اے ابو ذر ایسا کرنا ان کے لئے کیونکر ممکن ہوسکتا ہے (۱۳) '' ۔

## حوالے اور حواشی

۱ ۔ الرد علی سیر الاوزاعی ۔ مصنفه امام ابو یوسف ۔ مطبوعه حیدرآباد (غیر مورخه) صفحات ۱۳۱ تا ۱۳۵ ایضاً ۳۲ و ۳۳

۲ ۔ ایضاً — صفحه ۶۷

۳ ۔ ایضاً — صفحه ۱۱

۴ ۔ کتاب الام ۔ مصنفه امام شافعی ۔ جلد (۷) صفحه ۲۳۹ ۔ آخری سطر ۔ صفحه ۲۴۰ سطر (۵) ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۵ - محولہ بالا - مصنفہ امام ابو یوسف صفحہ (۳۰) و ما بعد -

۶ - ایضاً — صفحہ (۲۱)

۷ - ایضاً — صفحہ (۳۱)

۸ - ایضاً — (۳۲)

۹ - ایضاً — صفحہ ۲۲ تا ۳۲

۱۰ - ''آثار'' - مصنفہ امام ابو یوسف (مطبوعہ قاہرہ ۱۳۵۵) نمبر ۸۸۷ - ۸۸۹ - اس کا امکان ہے کہ '' الکلام '' کے - معنی صرف ''بات'' کے ہوں لیکن امام ابو یوسف کے زمانہ سے اس لفظ کو فنی اصطلاحی معنی پہنا دئے گئے ہیں -

۱۱ - ایضاً — نمبر (۵۸۱)

۱۲ - ایضاً — نمبر (۹۲۴)

۱۳ - ایضاً — نمبر (۹۴۷) و حاشیہ -

© rasailojaraid.com